دار الإفتاء

مرکز تعلیم و تحقیق

گلشن تعلیم، موٹروے چوک، H-15، اسلام آباد

بسم اللہ الرحمن الرحیم

تاریخ 05/06/2025

فتویٰ نمبر 97

سوال: کیا عورت احرام کی حالت میں موزیں پہن سکتی ہے۔؟ (حمرا)

جواب: الحمدلله رب العلمين والصلوٰة والسلام على رسوله الامين امابعد:

احرام کی حالت میں مرد موزے نہیں پہن سکتے۔ تاہم وہ ایسی چپل استعمال کر سکتے ہیں جس سے دونوں ٹخنے اور پاؤں کی اوپر والی ہڈی (جسے اُبھار یا وسطِ قدم کی ہڈی کہا جاتا ہے) کھلی رہے۔ رہی بات خواتین کی، تو اُن کے لیے موزے، جوتے یا کسی بھی قسم کی چپل پہننے کی اجازت ہے؛ ان کے لیے اس سلسلے میں کوئی پابندی نہیں۔ سلے ہوئے کپڑے یا جرابیں پہننے کی وجہ سے صدقہ یا دم واجب ہو گا، جس کی تفصیل یہ ہے کہ اگر ایک دن یا ایک رات سلے ہوئے چیز پہنے رکھے تو دم واجب ہو گا اور اس سے کم وقت پہنے تو صدقہ فطر کی مقدار گندم یا اس کی قیمت صدقہ کرنا واجب ہو گا، یہ بھی یاد رہے کہ دم حدودِ حرم میں ہی دینا ضروری ہے، البتہ صدقہ کسی بھی جگہ دیا جا سکتا ہے۔

حوالہ جات

عن عبد الله بن عمر أن رجلا سأل النبي صلى الله عليه وسلم وقال: ما يلبس المحرم من الثياب؟ فقال: «لا يلبس القميص، ولا العمائم، ، ولا الخفاف إلا أحد لا يجد النعلين، فليلبس الخفين وليقطعهما أسفل من الكعبين.

(كتاب الحج، باب محظورات الاحرام ،ج:2،ص:183،ط:دارالكتب العلمية بيروت)

وأما مسائل المحظورات فنقول إذا لبس المحرم المخيط فإن كان يوما كاملا فعليه دم فأما إذا كان في بعض اليوم فإنه يجب عليه صدقة لأن لبس المخيط إنما حرم لكونه من مرافق المقيمين واللبس يوما كاملا يكون استمتاعا كاملا فعليه دم وإلا فيجب بقدره من الصدقة بأن يقسم قيمة الهدي على ساعات اليوم فما يصيب ذلك الوقت الذي ليس فيه يجب عليه بقدره وكذا قال بعض أصحابنا وروي عن أبي يوسف أنه يطعم نصف صاع من بر وكل صدقة في الإحرام غير مقدرة فهي نصف صاع إلا في قتل الجرادة والقملة فهي كف من طعام ولو لبس جميع الثياب ولبس الخفين أيضا لا يلزمه إلا جزاء واحد لأن الجنس واحد۔

(قوله: وخفين) أي للرجال؛ فإن المرأة تلبس المخيط والخفين، كما في قاضي خان، قهستاني ... (قوله: فيقطعهما) أما لو لبسهما قبل القطع يومًا فعليه دم، وفي أقل صدقة". الدر المختار وحاشية ابن عابدين (رد المحتار) (2/ 490

تحفة الفقهاء (392 /1) دار الكتب العلمية، بيروت:

"(ولبس الخفين) اي الا ان لا يجد نعلين فانه يقطعهما اسفل من الكعبين (و الجوربين) اي لبسهما سواء كانا منعلين اوغير منعلين (وكل ما يواري الكعب الذي عند معقد شراك النعل) اي في المفصل الذي وسط القدم لا الكعب المعتبر عند غسل الرجلين." (باب الحرام، فصل فی محرمات الاحرام ص نمبر ۱۶۸، المکتبۃ الامدادیۃ)

کتبہ: مفتی ناصر سیماب

رفیق دار الافتاء مرکز تعلیم و تحقیق اسلام آباد

ڈاکٹر حافظ حبیب الرحمن

رئیس دار الافتاء مرکز تعلیم و تحقیق اسلام آباد

مفتی وصی الرحمن

رفیق دار الافتاء مرکز تعلیم و تحقیق اسلام آباد